# نہم لاہور بورڈ 2014

اسلامیات (لازمی) (نیو کورس) — پرچہ I (انشائیہ طرز)

وقت: 1.45 گھنٹے — کل نمبر: 40

## (پہلا گروپ)

### (حصہ اول)

-2 کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 12

(i) سورۃ الانفال میں مالِ غنیمت کی تقسیم کے بارے میں کیا حکم دیا گیا؟

(ii) سورۃ الانفال میں کونسے غزوہ کا ذکر ہے اور اس غزوہ میں کتنے فرشتے مدد کو آئے؟

(iii) معانی تحریر کیجیے: اَلْاَعْنَاقِ. بَنَانٍ

(iv) سورۃ الانفال کے مطابق کافروں کو مسلمانوں کے خلاف خرچ کرنے پر کیا ملے گا؟

(v) سورۃ الانفال کے مطابق تشریح کیجیے: اِحْدَی الطَّآئِفَتَیْنِ

(vi) سورۃ الانفال میں تقویٰ کے کیا انعامات بیان ہوئے ہیں؟

(vii) غزوہ بدر میں فرشتوں کو دیکھ کر شیطان کا کیا ردِعمل تھا؟

(viii) صلح کا عہد توڑنے والوں کے خلاف اللہ نے کیا حکم دیا؟

(ix) ترجمہ کیجیے: اُولٰٓئِکَ ھُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا ط

-3 کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 12

(i) ترجمہ کیجیے: اَفْضَلُ الْاَعْمَالِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

(ii) راشی اور مرتشی میں فرق بیان کیجیے۔

(iii) اللہ کی غالب صفت کون سی ہے؟ نیز اس بارے میں حدیث کا ترجمہ لکھیے۔

(iv) زکوٰۃ کے چار مصارف تحریر کیجیے۔

(v) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت کے بارے میں مختصراً لکھیے۔

(vi) قرآن کے دو فضائل لکھیے۔

(vii) ترجمہ کیجیے: بَلِّغُوْا عَنِّیْ وَلَوْ اٰیَةً

(viii) قرآن مجید کو پچھلی کتابوں کے لیے "مُھَیْمِن" کہنے کا کیا مطلب ہے؟

(ix) حفاظتِ قرآن کے بارے میں ایک آیت یا اس کا ترجمہ لکھیے۔

### حصہ دوم

-4 درج ذیل آیاتِ قرآنی میں سے کسی دو کا ترجمہ کیجیے: 4,4

(الف) یَسْئَلُوْنَکَ عَنِ الْاَنْفَالِ ط قُلِ الْاَنْفَالُ لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ ج

(ب) ذٰلِکَ بِاَنَّهُمْ شَآقُّوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ج وَ مَنْ يُّشَاقِقِ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ o

(ج) اِذْ يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ غَرَّ هٰٓؤُلَآءِ دِيْنُهُمْ ط

-5 درج ذیل حدیث کا ترجمہ اور مختصر تشریح لکھیے: 1,2

طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِيْضَةٌ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ۔

-6 قرآن وحدیث کے مطابق علم کی فضیلت تحریر کیجیے۔ 5

یا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کیوں ضروری ہے؟

www.ilmkidunya.com